© rasailojaraid.com

ہوں سے اپنے دو معاون مقرر کر کے اس کی اطلاع دفتر کو دیں گے اور مسئول ان کی معاونت اور مشاورت سے امتحانی نظام کو مستحکم کریں گے۔

(۱۳)......بیرونی ہدایات پر توہین رسالت ﷺ کے قانون کو ختم کرنے کی حکومتی پالیسی کی شدید مذمت کرتے ہوئے تحریک تحفظ ختم نبوت و ناموس رسالت ﷺ کے ساتھ بھرپور تعاون کا فیصلہ کیا گیا۔

(۱۴)......حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر مدظلہ نے تجویز دی کہ مجلس عاملہ کا اجلاس مختلف علاقوں اور جامعات میں وقتاً فوقتاً منعقد کیا جانا چاہیے۔ جس سے مجلس عاملہ نے اتفاق کیا۔

رات سوا سات بجے حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب کی دعا سے اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

☆......☆......☆

## زبدۂ زمین و زماں

قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ

دیا ہے تجھے حق نے سب سے مرتبہ عالی
کیا ہے سارے چھوٹوں کا تجھے سردار

فلک پر سب سہی، پر ہے نہ ثانی احمدؐ
زمیں پر کچھ نہ ہو پر ہے محمدیؐ سرکار

فلک پر عیسیٰ و ادریس ہیں تو خیر سہی
زمیں پر جلوہ نما ہیں محمدؐ مختار

تو فخرِ کون و مکان زبدۂ زمین و زمان
امیرِ لشکرِ پیغمبراں شہِ ابرار

امیدیں لاکھوں ہیں لیکن بڑی امید ہے یہ
کہ ہو سگانِ مدینہ میں میرا نام شمار

جیوں تو ساتھ سگانِ حرم کی تیری پھروں
مروں تو کھائیں مدینہ کے مجھ کو مرغ و مار

بس اب درود پڑھ اُس پر اور اس کی آل پہ تو
جو خوش ہو تجھ سے وہ اور اس کی عترتِ اطہار

الٰہی اس پر اور اس کی تمام آل پہ بھیج
وہ رحمتیں کہ عدد کر سکے نہ ان کو شمار

مدد کر اے کرمِ احمدیؐ کہ تیرے سوا
نہیں ہے کوئی قاسمِ بیکس کا حامی کار

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com